رمضان کے علاوہ کسی دوسرے روزے کی نیت کرنا

رمضان کے علاوہ کسی دوسرے روزے کی نیت کرنا

مسئلہ۸۱۳۔ اگر انسان پر ماہ رمضان کے علاوہ کوئی اور معین روزہ واجب ہو مثلاً نذر کی ہو کہ کسی مخصوص دن روزہ رکھے گا چنانچہ عمداً طلوع فجر تک نیت نہ کرے تو اس کا روزہ باطل ہے لیکن اگر بھول جائے اور ظہر سے پہلے یاد آجائے تو روزے کی نیت کرسکتا ہے۔

مسئلہ۸۱۴۔ اگر غیر معین واجب روزہ مثلاً کفارے کا روزہ یا قضا روزے کے لئے (عمداً یا سہواً) ظہر سے پہلے تک نیت نہ کرے چنانچہ اس وقت تک روزے کو باطل کرنے والا کوئی کام انجام نہ دیا ہو تو روزے کی نیت کرسکتا ہے اور اس کا روزہ صحیح ہے لیکن ظہر کے بعد روزے کی نیت کرنا صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ۸۱۵۔ انسان جب چاہے مستحب روزے کی نیت کرسکتا ہے بشرطیکہ اس وقت تک روزے کو باطل کرنے والا کوئی کام انجام نہ دیا ہو۔